اخبار الجامعہ

رئیس الجامعہ کا تبلیغی دورہ برطانیہ

گزشتہ کئی سالوں سے رئیس الجامعہ کو برطانیہ کے تبلیغی دورہ کی دعوتیں تسلسل سے مل رہی تھیں ۔ مگر بعض وجوہات کی بناء پر آپ نہ جاسکے ۔ گزشتہ ایک سال سے شالی محلہ جہلم کے حافظ بلال صاحب (جو اب مستقل برطانیہ میں رہائش پذیر ہیں) اور دیگر احباب کی جانب سے دورہ برطانیہ کے لئے اصرار جاری تھا ۔ اسی اثناء میں مرکزی جمعیت اہلحدیث برطانیہ کی سالانہ کانفرنس میں شرکت کے لئے حسب معمول دعوت نامہ موصول ہوا تو آپ نے اس میں شمولیت کا ارادہ کر لیا۔

مورخہ ۳ اگست کو امارات ایر لائنز کے ذریعہ پشاور سے دوبئی روانہ ہوئے۔ وہاں چار روز قیام کے بعد مورخہ ۷ اگست کو مانچسٹر پہنچے۔ وہاں کے جماعتی احباب نے آپ کا استقبال کیا۔ امسال برمنگھم کی بجائے بریڈ فورڈ میں سالانہ کانفرنس ہو رہی تھی۔ جس میں دنیا بھر سے اہلحدیث زعما وعلماء نے بھرپور شرکت کی ۔ اس کانفرنس میں رئیس الجامعہ کا خطاب بہت کامیاب رہا۔ علاوہ ازیں ۱۴ ' ۲۱ ' اور ۲۸ اگست کے خطبات جمعہ رئیس الجامعہ نے بالترتیب برمنگھم 'بریڈفورڈ اور نیلسن کی بڑی مساجد اور مراکز میں پڑھائے۔ اس کے علاوہ برطانیہ بھر کے مختلف شہروں (لندن' گلاسکو (سکاٹ لینڈ) بولٹن' راھدرم' سکیتھن' ڈیوزبری ' ڈڈلی' کریڈلی ھیتھ 'اولڈھم 'ھیلی فیکس 'راچڈیل 'برٹن آن ٹرنٹ 'مانچسٹر اور کیلے) وغیرہ کی مختلف مساجد اور اسلامی مراکز میں اجتماعات 'جلیوس اور کانفرنسوں سے بھی خطاب فرمایا ۔ بالخصوص لندن میں سعودی عرب کے تعاون سے نو تعمیر شدہ بڑے اسلامی مرکز اور خوبصورت جامع مسجد میں جب رئیس الجامعہ نے خطاب کیا تو عالم اسلام کے مشہور سکالر اور مرکز ھذا کے بانی میانی اور رئیس ڈاکٹر صہیب حسن بن فضیلۃ الشیخ عبدالغفار حسن حفظہ اللہ تعالیٰ نے عرب سامعین کے لیے عربی میں ترجمہ کیا۔ جزاہ اللہ خیراً۔

الحمد للہ رئیس الجامعہ کا یہ تبلیغی دورہ ہر لحاظ سے کامیاب رہا۔

تقریب تقسیم انعامات (ششماہی امتحانات)

الحمد للہ جامعہ کے تمام شعبہ جات کے ششماہی امتحانات مکمل ہونے پر بروز ہفتہ جامعہ کی وسیع خوبصورت 'گنبد نما گول مسجد میں تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی۔ جس میں جامعہ کی تمام شاخوں کے طلبہ اور اساتذہ شریک ہوئے۔ تلاوت قرآن پاک کے بعد رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے طلبہ کو انتہائی پر مغز تربیتی خطاب فرمایا۔ اس کے بعد حضرت مولانا محمد اکرم جمیل

نے نتائج کا اعلان کیا۔ اور رئیس الجامعہ نے امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلبہ میں انعامات تقسیم کئے۔

قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ (درس نظامی) میں جامعہ بھر میں اول، دوم اور سوم آنے والے خوش قسمت طلبہ کے نام یہ ہیں۔

جامعہ بھر میں اول	منیب اللہ	(ثانیہ عالیہ)
جامعہ بھر میں دوم	سلیمان بن قلندر	(ثانیہ عالیہ)
جامعہ بھر میں سوم	عبدالرزاق	(ثانیہ ثانویہ)

کلاس	اول	دوم	سوم
ثانیہ عالیہ	منیب اللہ	سلیمان بن قلندر	فیض احمد بھٹی
ثالثہ ثانویہ	اصغر علی	سرفراز احمد	عبدالخالق رحمانی
ثانیہ ثانویہ	عبدالرزاق	عبدالرحمٰن شاکر	خالد مدنی
اولیٰ ثانویہ	بابر علی	محمد زکریا	ساجد نذیر
ثالثہ متوسطہ	راشد محمود	اکرام اللہ	محمد طارق ضیاء / عبدالرحمٰن
ثانیہ متوسطہ	خالد محمود	عبداللطیف	عتیق الرحمٰن
اولیٰ متوسطہ	رضوان صدیقی	ذبیح الرحمٰن	مدثر حسین
الاعدادی	فہد اکرم	سمیع اللہ	ظفر اقبال

علاوہ ازیں شعبہ حفظ اور ناظرہ کے طلباء کو بھی اول۔ دوم ۔سوم پوزیشنوں پر انعام دیئے گئے۔

صائمہ کلاتھ سینٹر کا افتتاح

شیخ محمد جاوید صاحب نے مین بازار میں اپنی بوسیدہ دوکان کو گرا کر نئے سرے سے تین منزلہ خوبصورت اور جدید انداز میں تعمیر کرایا تو اس کے افتتاح کے لئے مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کو دعوت دی ۔افتتاحی تقریب میں مرکزی انجمن تاجران اور دیگر مختلف کاروباری تنظیموں کے عہدیداروں کے علاوہ معززین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر حافظ عبدالحمید عامر نے مختصر درس میں تجارت کے سنہرے اسلامی اصولوں کی قرآن وحدیث کی روشنی میں وضاحت کی ۔آخر میں انہوں نے دکان میں برکت اور حلال طیب اور پاکیزہ ،وافر رزق کی دعا کی۔ بعد ازیں شرکاء کی مفرحات سے تواضع کی گئی۔